**Govt. of Karnataka**
# Department of School Education (Pre-University)
# Model Question Paper - 2

Class: I Year PUC | Academic Year: 2024-25
Subject: URDU (08) | Maximum Marks: 80
Time: 3:00 Hours | No. of Questions: 51

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔
۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور د ہیں اور ان میں سے حصہ "الف"
کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہیں کی جانچ ہوگی۔

## حصہ - "الف"

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. دین و دنیا کا کام کس سے چلتا ہے؟

A. دل
B. عقل
C. جذبہ
D. احساس

2. اختلافِ رائے کو پرکھنے کی کسوٹی کیا ہے؟

A. دوستی
B. لڑائی جھگڑا
C. بحث و مباحثہ
D. تردیدی گفتگو

3. مندرجہ ذیل میں سے کون سا بیان رچرڈ برانسن کے خلائی سیاحتی جہاز "ورجن گیلیکٹک" کے حوالے سے درست ہے؟

A. یہ جہاز مکمل تربیت یافتہ خلابازوں کے لیے بنایا گیا ہے۔
B. یہ جہاز صرف زیریں مدار کی اڑانوں کے لیے استعمال ہوگا۔
C. جہاز میں مسافروں کو خاص قسم کے لباس پہننے ہوں گے۔
D. اس جہاز کے ذریعے چاند پر جانے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔

4. ممتاز شیریں نے اپنا قلم ریڈیو اسٹیشن پر بھول جانے کے بعد شاہین صاحب سے مدد کیوں نہیں مانگی؟

A. کیونکہ وہ خود قلم کو تلاش کرنا چاہتی تھیں۔
B. کیونکہ وہ شاہین صاحب سے ناراض تھیں۔
C. کیونکہ وہ ریڈیو اسٹیشن جانے سے گھبراتی تھیں۔
D. کیونکہ وہ نہیں چاہتی تھیں کہ شاہین صاحب کو کوفت ہو۔

5. پہلے آدمی کی چھتری کے استعمال پر مبنی گفتگو سے اس کی شخصیت کی یہ خصوصیت ظاہر ہوتی ہے۔

A. وہ چالاک اور خود غرض ہے۔
B. وہ دانشمند ہے۔
C. وہ سادہ لوح ہے۔
D. وہ محبِ وطن ہے۔

**(ب ) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادف کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** **5X1=5**

(مفلسی، تعریف، فخر، موت، ارادہ، ادا)

6. مرگ = ____________________
7. عزم = ____________________
8. مدح = ____________________
9. افلاس = ____________________
10. غرور = ____________________

**(ج)"الف "اور" ب "کو جوڑ کر اضداد بنائیے۔** **5X1=5**

| الف | | ب |
|---|---|---|
| 11. آباد | i. | راحت |
| 12. مہمان | ii. | اکثریت |
| 13. رنج | iii. | برباد |
| 14. نور | iv. | میزبان |
| 15. اقلیت | v. | ظلمت |

**(د)ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** **5X1=5**

16. حضورؐ کا طریقۂ تعلیم و تربیت کن امور پر مشتمل ہے؟
17. روٹی کو توے پر ڈال کر سلیم نے کھڑکی کے باہر کیا دیکھا؟
18. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے کیا کرتے ہیں؟
19. بُلٹ ٹرین ایک گھنٹے میں کتنے کلو میٹر کا فاصلہ طے کرتی ہے؟
20. لڑکے کی لاش کیا پکار رہی تھی؟

## حصہ۔ ”ب“

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. عقل سے کیا کارنامے انجام پاتے ہیں؟

22. وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے نکاحِ ثانی کیوں کر لیتے ہیں؟

23. مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟

24. مذہب سے وابستگی کے معاملے میں ممتاز شیریں کا رویہ کیسا تھا؟

25. فعل کی تعظیمی صورتوں کی چند مثالیں تحریر کیجیے۔

26. مردہ گھر میں نارائین کا معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹر نے کیا کہا؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی تین کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 3X2=6

27. کارسازی کے شاہ کار کون ہیں؟

28. حضور اکرمؐ روزِ محشر، امت کی کیا کریں گے؟

29. ایک دن وقت نے دولت سے کیا کہا؟

30. شاعر کے مطابق آج محرم کیا بن گئے ہیں؟

31. وطن کی محبت کا پیغام کس کس نے دیا؟

32. کتاب پڑھنے کے بجائے شاعر صبح سے شام تک کیا کرنے کے لیے کہہ رہا ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. شاعر کے مطابق زندگی کی اصل حقیقت کیا ہے؟

34. نظم میں بیان کردہ اکائی کے نظریہ کو معاشرتی ہم آہنگی میں کیسے لاگو کیا جا سکتا ہے؟

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. خادموں کے ساتھ حضورِ اکرمؐ کے حسن سلوک کا واقعہ بیان کیجیے؟

36. صاحب نے موم بتی جلا کر کہاں رکھ دی اور کیا دیکھا؟

37. خلائی سیاحت کی ترقی میں رچرڈ برانسن کے کردار کا تجزیہ کریں اور بتائیں کہ ان کی کاوشوں نے تجارتی خلائی سفر کی صنعت پر کیا اثر ڈالا ہے؟

38. ڈرامے کے عنوان ”چھتری“ کا علامتی مطلب کیا ہو سکتا ہے؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. ''مگر ان سب میں کسی نہ کسی قدر کتوں کی مجلس کا اثر پایا جاتا ہے۔''

40. ''یہ الجھنیں آپ نے اپنے چٹورپن سے خواہ مخواہ پیدا کر رکھی ہیں۔''

41. ''اس میں اتنی جگہ ہی کہاں ہوتی ہے کہ آپ اپنا بستر لگا سکیں''۔

42. ''بخار کا بہانہ کر کے تُو گاؤں جانا چاہتا ہے کم بخت۔ چل کام کر''۔

## حصہ - ''ج''

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. دنیا دار المکافات ہے ii. ایک نوجوان کے نام iii. کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. چار دن کا ہے مجھلا یہ سب — سب سے رکھیے سلوک ہی ناچار

ii. دمِ الحذر اور عشق بتاں سے — تجھے ڈر ہے مومنؔ ایسا کسی کا

iii. ہوں اس کوچے کے ہر ذرے سے آگاہ — ادھر سے مدتوں آیا گیا ہوں

iv. یاد کے بے نشان جزیروں سے — تیری آواز آرہی ہے ابھی

v. اس نے توفیقِ دعا بخشی ہے — اب دعاؤں میں اثر بھی آئے

45. کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. پیری آئی، ہوئی جوانی رخصت — ساتھ اس کے وہ لطفِ زندگانی رخصت
ہے اب تو اس کا انتظار اے اکبرؔ — ہم کو بھی کرے جہانِ فانی رخصت

ii. ذرّے ذرّے سے اک جہاں پیدا کر — خود اپنی جبیں میں آستاں پیدا کر
جینا ہے اگر خضر کا احسان نہ لے — ہر سانس سے عمر جاوداں پیدا کر

## حصہ ''د''

V. 46. ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. پابندئ وقت ii. آئینِ قدرت iii. بحث و مباحثہ

iv. وضع دار v. آوارہ گردی vi. نشیب و فراز

47. مندرجہ ذیل الفاظ کی جنس پہچانیے۔ 1X2=2

چاندنی سورج عادت میدان

48. ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 1X2=2

[غیر] [خوش] [دان] [ناک]

49. ان کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

i. قصد ii. عالم

50. نعت یا رباعی کی تعریف بیان کیجیے۔ 1X2=2

51. ذیل کے جملوں کا اُردو زبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. Sun rises in the east.

ii. Hope is the key of Success.

iii. Life is filled with joys and sorrows.

iv. An apple a day keeps the Doctor away.

---